انٹرپرینیور پروگرام نے صدیوں پرانے حجامت کے پیشے میں نئی روح پھونکنے میں شاندار مدد فراہم کی ہے

2010 میں جیسیکا ہوچ اور ان کے شوہر/ کاروباری شراکت دار مارٹن نے ایکونک ہاؤس آف باربرز (Eikonic House of Barbers) کا آغاز کیا، جو انٹرپرینیورل کے خوابوں اور حجامت کے پیشے کی روایات اور اس فن کی قدر شناسی کی بنیاد پر تعمیر کیا گیا تھا۔ اس دوکان کا طریقہ کار اور احساس اپنے زمانے کا ایک شاہکار بن گیا۔ ایکونک صارفین اور کاروباری تنظیموں، دونوں کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب رہا، جس کی وجہ سے اس نے ترقی کے لیے کئی ایوارڈ جیتے۔

جیسیکا کا کہنا تھا کہ، "ہمارے لیے مشکلات میں سے ایک مشکل موزوں عملہ بھرتی کرنا تھا۔" انہوں نے مزید کہا کہ "لوگ نوکری کے لیے درخواست دینے میں ہچکچاتے تھے، جیسا کہ وہ محسوس کرتے ہوں کہ وہ بطور حجام اعلیٰ معیار پر پورے نہیں اترتے۔"

لہذا جیسیکا اور مارٹن نے جائے کار پر ہی ایک تربیتی پروگرام شروع کر لیا اور کامیابی کے ساتھ 30 تربیت یافتہ حجاموں کو کام پر رکھ لیا اور اس عمل کے دوران انہوں نے سکھانے اور حجامت کے پیشے کی روایت کی لگن کو دوسروں کے ساتھ شریک کرنے کا ایک شوق دریافت کر لیا۔

اس سے ایکونک اکیڈمی آف بیوٹی اینڈ باربرنگ کا تصوّر پیدا ہوا۔

اس وقت کے قریب، جب جیسیکا اس نئے سفر کے لیے ایک کاروباری منصوبے پر کام کر رہی تھیں اور رسائی حاصل کرنے کے لیے وسائل تلاش کر رہی تھیں، تو انہیں برامپٹن انٹرپرینیور سینٹر کی جانب سے سمال بزنس ایکسلریٹر پروگرام کے متعلق ایک ای میل موصول ہوئی۔ سمال بزنس ایکسلیٹر، برامپٹن انٹرپرینیور سینٹر کی جانب سے فراہم کیے جانے والے ایک صوبائی طور پر فنڈ یافتہ اسٹارٹر کمپنی+ پروگرام، کو نئے یا بڑھتے ہوئے کاروباروں کو مشورہ، تربیت اور معاشی معاونت فراہم کر کے مدد دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ جیسیکا نے فیصلہ کیا کہ اس میں درخواست دینا درست ہو گا۔

جس سے ان کے کام کا طریقہ کار پوری طرح تبدیل ہو گیا۔ جیسیکا کا کہنا تھا کہ "یہ میرے لیے انتہائی مددگار ثابت ہوا۔" انہوں نے مزید کہا کہ "اس نے مجھے اس نئے سفر کے لیے ذہنی طور پر تیار ہونے میں مدد دی۔ میں نے ایک بالکل نیا کاروباری منصوبہ لکھا، جس نے مجھے مزید پراعتماد اور اسے اپنے کاروباری شراکت داروں کے سامنے بہتر طور پر واضح کرنے کے قابل بنا دیا۔"

مزید براں، جنوری میں انہوں نے تین مہینے کے پروگرام کو 5,000$ کے ایک چیک کے ساتھ حتمی شکل دے دی۔

جیسیکا اور مارٹن اگلے چند مہینوں کے دوران کسی بھی وقت اپنی نئی اکیڈمی کھولنے کا ارادہ رکھتے ہیں، جس کے لیے وہ موزوں جگہ اور دیگر معاملات پر کام کر رہے ہیں۔ وہ اگلے پانچ سے دس سال کے دوران اس تصور کو پورے اونٹاریو اور کینیڈا میں توسیع دینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

کاروبار میں اضافے کے ساتھ ان کو اپنے فن کے شوق سے ایک قدم آگے بڑھ کر رغبت محسوس ہوئی – اور وہ ہے ان کے اپنے لوگ جو ان کے لیے ایک محرک ہیں۔

جیسیکا کا کہنا تھا کہ "ہم ایک مہارت سیکھانا اور ایک روایت کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں، مگر اس کے علاوہ ہم اپنے "لوگوں" کے لیے بھی بہتری چاہتے ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ "جب کوئی شخص بال ترشوانے، شیو کروانے یا ہیئر اسٹائل بنوانے کے لیے آتا ہے، تو ہمارے ساتھ ان کے اس تجربے کو ان کے دن کا ایک روشن مقام ہونا چاہیے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا کالج بھی یہی کچھ حاصل کرے – یعنی تکنیکی اور انسانوں کے ساتھ معاملات کی مہارتیں سیکھانا۔"

February 15, 2018 | Matte Story

انہوں نے اس حوالے سے مزید کہا کہ " برامپٹن انٹرپرینیور سینٹر نے اس حوالے سے بھی ہماری بہت مدد کی ہے۔ کچھ پروگراموں میں اپنے طلباء کو ہم جو سیکھائیں گے وہ براہ راست اسی معیار پر پورا اترے گا جو ہم پہلے سے فراہم کر رہے ہیں۔

برامپٹن انٹرپرینیور سینٹر اگلے سمال بزنس ایکسلریٹر پروگرام کے لیے مورخہ 23 فروری تک درخواستیں وصول کر رہا ہے۔ www.brampton.ca/bec پر مزید جانیں

-30-

برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔ ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں ٹوئٹر اور فیس بک پر فالو کریں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ
نتالی سٹوگڈل
میڈیا کوآرڈینیٹر
سٹی آف برامپٹن
natalie.stogdill@brampton.ca | 905.874.3654